بدھ 29 ستمبر 2004ء

احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

C.P.L 29 ٹیلی فون نمبر 213029

روزنامہ

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web:http://www.alfazal.com
Email:editoralfazl@hotmail.com

بدھ 29 ستمبر 2004ء 13 شعبان 1425 ہجری - 29 تبوک 1383 ہش جلد 54-89 نمبر 220

ضبط نفس

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ

آنحضرت ﷺ نے کبھی کسی کھانے میں عیب نہیں نکالا - اگر آپ کو کھانے کی طلب ہوتی تو کھا لیتے ورنہ چھوڑ دیتے

(صحیح بخاری کتاب المناقب باب صفة النبی حدیث نمبر 3299)

اخلاق عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب فرماتے ہیں۔

حضرت مسیح موعود کے کھانے کا مقصد صرف قوت قائم رکھنا تھا نہ کہ لذت اور ذائقہ اٹھانا۔ اس لئے آپ صرف وہ چیزیں ہی کھاتے تھے جو آپ کی طبیعت کے موافق ہوتی تھیں اور جن سے دماغی قوت قائم رہتی تھی تا کہ آپ کے کام میں حرج نہ ہو۔ علاوہ بریں آپ کو چند بیماریاں بھی تھیں جن کی وجہ سے آپ کو کچھ پرہیز بھی رکھنا پڑتا تھا۔ مگر عام طور پر آپ سب طیبات ہی استعمال فرما لیتے تھے۔ اور اگرچہ آپ سے اکثر یہ پوچھ لیا جاتا کہ آج آپ کیا کھائیں گے مگر جہاں تک ہمیں معلوم ہے خواہ کچھ پکا ہو آپ اپنی ضرورت کے مطابق کھا ہی لیا کرتے تھے۔ اور کبھی کھانے کے بدمزہ ہونے پر اپنی ذاتی وجہ سے خفگی نہیں فرمائی.......... بلکہ اگر خراب پکے ہوئے کھانے اور سالن پر ناپسندیدگی کا اظہار بھی فرمایا تو صرف اس لئے اور یہ کہہ کر کہ مہمانوں کو یہ کھانا پسند نہ آیا ہوگا۔

روٹی آپ تندوری اور ہاتھ کی دونوں قسم کی کھاتے تھے ڈبل روٹی چائے کے ساتھ یا بسکٹ اور بکرم بھی استعمال فرما لیا کرتے تھے۔ بلکہ ولایتی بسکٹوں کو بھی جائز فرماتے تھے۔ اس لئے کہ ہمیں کیا معلوم کہ اس میں چربی ہے کیونکہ بنانے والوں کا ادعا تو مکھن ہے پھر ہم ناحق بدگمانی اور شکوک میں کیوں پڑیں۔ مکئی کی روٹی بہت مدت آپ نے آخری عمر میں استعمال فرمائی کیونکہ آخری سات آٹھ سال سے آپ کو دستوں کی بیماری ہو گئی تھی اور ہضم کی طاقت کم ہو گئی تھی۔ علاوہ ان روٹیوں کے آپ شیرمال کو بھی پسند فرماتے تھے اور باقرخانی کلچہ وغیرہ غرض جو جو اقسام روٹی کے سامنے آجایا کرتے تھے آپ کسی کو رد نہ فرماتے تھے۔

سالن آپ بہت کم کھاتے تھے گوشت آپ کے ہاں دو وقت پکتا تھا مگر دال آپ کو گوشت سے زیادہ پسند تھی یہ دال ماش یا اڑدھ کی ہوتی تھی۔ سالن ہر قسم کا اور ترکاری عام طور پر ہر طرح کی آپ کے دسترخوان پر دیکھی گئی ہے۔ اور گوشت بھی ہر حلال اور طیب جانور کا آپ کھاتے تھے۔ پرندوں کا گوشت آپ کو مرغوب تھا (۔) مرغ اور بٹیروں کا گوشت بھی آپ کو پسند تھا (۔) مرغ کا گوشت ہر طرح کا آپ کھا لیتے تھے۔ سالن ہو یا بھنا ہوا۔ کباب ہو یا پلاؤ۔ مگر اکثر ایک ران پر ہی گزارہ کر لیتے تھے۔ اور وہی آپ کے لئے کافی ہو جاتی تھی بلکہ کچھ بچ بھی رہا کرتا تھا۔ پلاؤ بھی آپ کھا لیتے تھے۔ مگر ہمیشہ نرم اور گداز اور گلے ہوئے چاولوں کا۔ اور میٹھے چاول تو خود کہہ کر پکوا لیا کرتے تھے مگر گُڑ کے اور وہی آپ کو پسند تھے۔ عمدہ کھانے یعنی کباب۔ مرغ۔ پلاؤ یا انڈے اور اسی طرح فرنی میٹھے چاول وغیرہ تب بھی آپ کہہ کر پکوایا کرتے تھے۔

(سیرة مسیح موعود۔ ص 49)

کامیاب وبامراد انجام

تحریک جدید کا سال رواں 31 اکتوبر 2004ء کو اختتام پذیر ہو رہا ہے۔ اس کو کامیاب وبامراد انجام تک پہنچانے کیلئے ہر عہدیدار کو اپنے فرائض پوری لگن سے ادا کرنے اور دعاؤں کے ساتھ ٹارگٹ حاصل کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کرنی چاہئے۔ اس غرض کے لئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی ایک پُرحکمت ہدایت عہدیداران حضرات کی راہنمائی کیلئے پیش کی جاتی ہے۔ فرمایا: "ٹارگٹ کو پورا کرنے کیلئے آپ اپنی طرف سے پوری کوشش کریں۔ اللہ تعالیٰ کا کام ہے جو کمی رہ جائے گی۔ وہ خود ہی پوری فرمادے گا۔"

(مکتوب گرامی بنام وکیل المال اول)

خصوصی درخواست دعا

احباب جماعت سے جملہ اسیران راہ مولا کی جلد اور باعزت رہائی نیز مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کے لئے دردمندانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ان بھائیوں کو اپنی حفظ وامان میں رکھے ہر شر سے بچائے۔

خالی پلاٹوں کی حفاظت

ربوہ کے ماحول میں مضافاتی محلوں میں جن احباب نے پلاٹس خرید کئے ہوئے ہیں اور ابھی مکان تعمیر نہیں کئے۔ ان کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ اپنے خالی پلاٹوں کی حفاظت کیلئے ان پر باضابطہ قبضہ کی صورت پیدا کریں۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ رجسٹری اور انتقال کے اندراج کے بعد موقع پر نشاندہی حاصل کر کے کم از کم چاردیواری تعمیر کریں۔ بغیر قبضہ آپ کا پلاٹ قطعی غیر محفوظ ہے۔ اکثر کالونیاں زرعی اراضی پر بنائی گئی ہیں اور مشترکہ کھاتہ میں باضابطہ نشاندہی اور قبضہ انتہائی ضروری ہوتا ہے۔ یہ امر فوری لائق توجہ ہے اور اس پر عمل درآمد دراصل آپ کے مفاد کا تقاضا ہے۔ اس سلسلہ میں اگر کوئی دقت درپیش ہو تو صدر مضافاتی کمیٹی دفتر صدر عمومی سے رابطہ فرمائیں۔

(صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

مری پہچان ہے عشق

آپ سے مجھ کو ہے الفت، مری پہچان ہے عشق
یہ محبت مرا مذہب ہے تو ایمان ہے عشق

میرے محبوب تجھے دیکھتا، سنتا جاؤں
تیری طاعت مری جنت ہے تو رضوان ہے عشق

تیری چاہت سے ہے روشن مرا لحہ لحہ
زندگی میری محبت ہے، مری شان ہے عشق

ہاتھ میں تیرے دیا ہاتھ بھی، دل بھی میں نے
اک تعلق ہی نہیں تم سے مجھے جان! ہے عشق

جب سے منصور نے سولی کو سلامی دی ہے
سب وفاداروں کی اس وقت سے پہچان ہے عشق

"بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق"
زندگی موت کے سب رشتوں سے انجان ہے عشق

تیشۂ عشق سے سر پھوڑ کے مرنے والو!
باعثِ زندگیٔ یوسفِ کنعان ہے عشق

ہیچ افسانے سبھی لیلیٰ و شیریں کے ضیاء
میرے محبوب کی ہر آن ہی پہچان ہے عشق

پُر خطر راستے الفت کے، جفاؤں سے بھرے
جب گزر آئے تو لگتا ہے کہ آسان ہے عشق

ضیاء اللہ مبشر

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اطلاعات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

اعلان داخلہ

☼ ڈائریکٹوریٹ جنرل ہیلتھ سروسز پنجاب لاہور نے ایک سالہ ڈسپنسر کورس میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 22 نومبر 2004ء ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 23 ستمبر 2004ء ملاحظہ فرمائیں۔

☼ NUST نے ریاضی میں پی ایچ ڈی کے لئے داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر 2004ء مقرر ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے www.nust.edu.pk وزٹ کریں۔ اسی طرح Nust نے مزید فیلڈز میں Direct Indigenous Ph.D. Programme کا بھی اعلان کیا ہے۔ اس کے لئے بھی مذکورہ بالا ویب سائیٹ سے یا بذریعہ ای میل info@nust.edu.pk مزید تفصیلات حاصل کی جاسکتی ہے۔

☼ گورنمنٹ آپرنٹس ٹریننگ سنٹر مرالہ روڈ مراد پور سیالکوٹ نے مشینسٹ، ویلڈر، الیکٹریشن، کمپیوٹر آپریٹر، آٹو کیڈ اور موٹر سائیکل مکینک کیلئے داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر 2004ء ہے۔ شارٹ کورسز میں داخلہ کی آخری تاریخ 30۔اکتوبر 2004ء مقرر ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے www.tevta.gop.pk وزٹ کریں۔

(نظارت تعلیم)

اعلان دارالقضاء

(مکرم ناصر احمد بجلی صاحب بابت ترکہ
مکرم چوہدری عنایت اللہ صاحب

☼ مکرم ناصر احمد بجلی صاحب مکان 1/5 دارالیمن وسطی ربوہ نے درخواست دی ہے کہ میرے والد محترم چوہدری عنایت اللہ صاحب بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ قطعہ نمبر 3/17 دارالیمن رقبہ ایک کنال میں سے ان کا حصہ دس مرلے ہے۔ ان کا یہ حصہ بحساب پانچ پانچ مرلہ خاکسار کی ہمشیرگان محترمہ شمس فاطمہ صاحبہ اور محترمہ امۃ المتین صاحبہ کے نام منتقل کر دیا جائے۔ ہم دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

(1) محترمہ شریفاں بی بی صاحبہ (بیوہ)
(2) مکرم محمد اشرف صاحب (پسر)
(3) مکرم محمد اکرم صاحب (پسر)
(4) مکرم ناصر احمد صاحب (پسر)
(5) محترمہ شمس فاطمہ صاحبہ (دختر)
(6) محترمہ امۃ المتین صاحبہ (دختر)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

سانحہ ارتحال

☆ مکرم نجیب احمد صاحب قائد ضلع منڈی بہاؤالدین لکھتے ہیں کہ مکرم ملک عبدالرحمان خان صاحب آف شاہ تاج شوگر ملز منڈی بہاؤالدین حال کینیڈا مورخہ 18 ستمبر 2004ء کو کینیڈا میں بعمر 74 سال انتقال کر گئے۔ آپ پی اے ایف سے ریٹائرمنٹ کے بعد شاہ تاج شوگر ملز میں آگئے اور وہاں کی مجلس اور ضلع میں بطور سیکرٹری مال خدمات بجالاتے رہے۔ آپ کی نماز جنازہ مکرم اشرف عارف صاحب مربی سلسلہ نے پیس گارڈن میں پڑھائی اور احمدیہ قبرستان کیلگری میں تدفین کے بعد دعا بھی انہوں نے ہی کرائی۔ آپ کے پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ چھ بیٹے اور چھ بیٹیاں ہیں۔ آپ مکرم غلام مصطفیٰ صاحب (وٹرنری ڈاکٹر) ابن مکرم غلام رسول صاحب مرحوم دارالصدر غربی ربوہ کے چچا تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین

دعائے نعم البدل

☆ مکرم سلطان محمد صاحب کارکن خلافت لائبریری ربوہ لکھتے ہیں کہ میرا بھتیجا طلحہ احسان ابن مکرم احسان محمد صاحب کارکن دفتر وصیت مورخہ 22 ستمبر 2004ء کو فضل عمر ہسپتال میں بعمر 6 سال وفات پا گیا۔ بچہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل تھا۔ غیر معمولی طور پر ذہین تھا۔ اپنے محلہ کے مقابلوں میں انعامات لیتا تھا۔ تین چار دن بخار ہوا اس کے بعد پورے جسم پر دانے نکلے جو بڑھتے گئے پوری جلد میں انفیکشن ہو گیا جو کنٹرول نہ ہو سکا۔ 17 دن ہسپتال میں داخل رہا۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ والدین کو اللہ تعالیٰ صبر جمیل عطا کرے تمام لواحقین کو صبر دے اور نعم البدل سے نوازے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

ابتدا یہ تھی کہ جلسے میں پچھتر تھے نفوس — اب یہ عالم ہے کہ عالم ہی تماشائی ہے

خدا تعالیٰ کے ہاتھ کا لگایا ہوا پودا اور اس کی نشو و نما کا عجیب انداز

آج کروڑوں نفوس اپنے پیارے امام کی شفقتوں تلے برکتیں حاصل کر رہے ہیں

مکرم شیخ نثار احمد صاحب

75 افراد جن میں بوڑھے، بچے اور جوان شامل ہیں۔ ایک چھوٹے سے قصبے میں ایک محدود سی جگہ پر بیٹھے ایک شخص کی باتیں بڑے غور سے سن رہے ہیں۔ وہ شخص باتیں بھی تو گہری حکمت و دانائی کی کر رہا ہے۔ آیئے ہم بھی تقریباً 113 سال پیچھے چلیں اور سنیں تو سہی وہ شخص کیا کہہ رہا ہے۔ میں تو ایک تخم ریزی کرنے کے لئے آیا ہوں۔ اب یہ پودا بڑھے گا، پھلے گا، پھولے گا اور ساری دنیا میں اس کی شاخیں پھیل جائیں گی۔ یہ میرے منہ کی باتیں نہیں یہ اس کا وعدہ ہے جس نے مجھے بھیجا ہے۔ اس نے مجھ سے کہا ہے کہ اس بات کا اعلان کر دے کہ میں تیری دعوت کو دنیا کے کناروں تک پہنچاؤں گا۔ آج مجھے کوئی نہیں جانتا۔ لیکن ایک وقت آئے گا کہ میرا نام اور میرے کام تمام دنیا میں نہایت عزت و احترام، عقیدت و محبت کے ساتھ پھیلتے ہی چلے جائیں گے۔ بہت سی رکاوٹیں آئیں گی لیکن مجھے بھیجنے والا ان سب کو ہٹا دے گا اور فتح و نصرت ہر دم میرے قدم چومے گی۔ اور ہر نیا سورج میرے اور میری جماعت کے لئے ایک نئی آن اور ایک نئی شان کے ساتھ چمکے گا۔ میں چلا جاؤں گا لیکن میرے بعد دوسری قدرت آئے گی جو اس کام کو آگے بڑھاتی چلی جائے گی۔ اگر ایسا ہوا اور ضرور ضرور ایسا ہوگا۔ اس وقت سمجھ لینا کہ کیا یہ ایک مفتری کا کلام تھا یا یہ ایک سچے کی باتیں تھیں۔ اس کا فیصلہ آنے والا وقت خود کرے گا۔ قارئین۔ اب آپ خود ہی سوچئے۔ ہیں نا یہ عجیب و غریب باتیں۔ جس جگہ یہ لوگ بیٹھے یہ باتیں سن رہے ہیں وہاں نہ کوئی پختہ سڑک، نہ ریل نہ موٹر نہ گاڑی، کچھ بھی تو نہیں۔ اس بستی کا تو لوگوں کو یہ بھی پتہ نہیں کہ نقشہ میں ہے کدھر۔

یہ 75 لوگ یہ تو جانتے ہیں کہ یہ سچا آدمی ہے۔ لیکن یہ دعوے تو اتنے بڑے بڑے ہیں کہ یہ لوگ یہ نہیں جانتے کہ یہ کیسے ہوگا۔ یہ کس طرح ممکن ہوگا۔ بظاہر تو یہ ناممکن سی باتیں ہیں۔

یہ مٹھی بھر لوگ ابھی اس سوچ میں گم تھے کہ یہ آواز اور یہ دعوے اس چھوٹی سی بستی سے نکل کر آس پڑوس کی بستیوں میں بھی سنے جانے لگے۔ بس پھر کیا تھا۔ اپنے رشتہ دار بھی ساتھ چھوڑ گئے۔ اور غیروں نے ہنسی اور ٹھٹھے سے کہا دنیا کے کنارے تو بہت دور کی بات ہے ہم اس آواز کو اس بستی سے بھی نہیں نکلنے دیں گے۔

لیکن حیرت یہ ہے کہ تمام تر کوششوں کے باوجود یہ آواز کچھ زیادہ ہی زور سے اس بستی سے باہر سنائی دینے لگی۔ پھر وہ سب سر جوڑ کر بیٹھے اور انہوں نے پروگرام بنائے کہ ہم الگ الگ ہو کر اس آواز کو نہیں روک پائے۔ اس لئے اس معاملے میں کم از کم ہمیں اکٹھا ہو کر اس آواز کو ہر صورت میں بند کرنا ہے۔ پھر اپنے تمام تر اختلافات کے باوجود اس آواز کو روکنے کے لئے وہ اکٹھے ہوئے اور ایڑی چوٹی کا زور لگا دیا۔ ہر ممکن حربہ استعمال کیا گیا۔ جو کچھ کر سکتے تھے کر گزرے لیکن ہر کوشش اور ہر حربے کے بعد یہ آواز اور بلند ہوتی گئی اور پھیلتی گئی اور وہ جو ابتدا میں 75 تھے وہ 75 سے 75 ہزار اور پھر 75 لاکھ میں تبدیل ہونے لگے اور پھر یہ گنتی کرنا مشکل ہوتا گیا۔ کیونکہ ہر روز ان میں اضافہ پر اضافہ ہوتا چلا گیا۔

2004ء میں برٹش ایئرویز کی پرواز جب افریقہ کے ایئرپورٹ پر لینڈ کرنے لگی تو جہاز کے پائلٹ نے حیرانگی سے نیچے ایک عجیب منظر دیکھا۔ رن وے کے ساتھ ساتھ انسانوں کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر ہاتھوں میں سفید رومال لہراتے ہوئے اس جہاز کے اترنے کا انتظار کر رہا تھا۔ یہ منظر جہاز کے پائلٹ کے لئے بھی ایک اچنبھا تھا۔

اسے غالباً یہ تو معلوم تھا کہ اس کے جہاز میں ایک جماعت کا امام سفر کر رہا ہے لیکن وہ نظارہ جو وہ اپنے کاک پٹ سے دیکھ رہا تھا وہ اس کے لئے ایک حیران کن منظر تھا۔ اس منظر سے وہ اتنا مرعوب ہوا کہ وہ چل کر اس جماعت کے امام کی سیٹ پر آیا اور کہنے لگا۔ جناب عالی! یہ سب آپ کے لوگ ہیں جو آپ کے استقبال کے لئے ایئرپورٹ پر موجود ہیں؟ لیکن کیا صرف یہ پائلٹ یا اس جہاز میں سوار دوسرے مسافر ہی یہ نظارے دیکھ رہے تھے۔ ہرگز نہیں۔ دنیا کے 175 ممالک میں بیٹھے ہوئے کروڑوں لوگ اس منظر کو MTA سے براہ راست دیکھ رہے تھے۔ جی ہاں امریکہ میں رہنے والے بھی، یورپ میں رہنے والے بھی، ایشیا میں رہنے والے بھی، جزائر میں رہنے والے بھی، افریقہ میں رہنے والے بھی، غرض دنیا کا کوئی ملک ایسا نہ تھا جہاں کروڑوں افراد اس منظر کو دیکھ نہ رہے تھے۔

یہ سب افراد اس عظیم انسان کی جماعت میں شامل تھے۔ جو 113 سال پہلے ان 75 آدمیوں کے درمیان ایک گمنام بستی میں کھڑا کہہ رہا تھا کہ جس نے مجھے بھیجا ہے اس نے میرے ساتھ وعدہ کیا ہے کہ میں تیری دعوت کو دنیا کے کناروں تک پہنچاؤں گا۔

جی ہاں یہ جماعت احمدیہ کے پانچویں امام حضرت مرزا مسرور احمد صاحب تھے۔ جو مغربی افریقہ کے دورے کے لئے تشریف لائے تھے۔ قادیان کی اس بستی سے ہزاروں میل دور یہ مختلف رنگ و نسل کے لوگ 113 سال قبل اسی آواز کی صداقت کی گواہی دینے کے لئے دیوانہ وار نعرے لگا رہے تھے جس نے 75 آدمیوں کے درمیان یہ تاریخی دعوے کئے تھے کہ مجھے بھیجنے والے نے یہ کہا ہے کہ میں تیری دعوت کو دنیا کے کناروں تک پہنچاؤں گا۔

لیکن آج یہ دعوے عجیب و غریب نہیں تھے۔ آج اس کی آواز کی ایک ایک لہر پکار پکار کر کہہ رہی تھی کہ اے غلام احمد خدا کی قسم تو سچا تھا تو نے جو کچھ کہا آج تیری ہر بات اپنی پوری شان سے روز روشن کی طرح پوری ہوئی اور ہوتی چلی جا رہی ہے۔

113 سال قبل لوگ تو یہ سوچتے تھے کہ یہ کیسے ہوگا؟ اور آج کے زمانے کے لوگ یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ سب کچھ کیسے ہوگیا؟ حیران وہ بھی تھے۔ حیران یہ بھی ہیں۔

اک قطرہ اس کے فضل نے دریا بنا دیا
میں خاک تھا اسی نے ثریا بنا دیا

اپنے اس معزز مہمان کے استقبال کے لئے صرف عوام کا جم غفیر ہی ایئرپورٹ پر نہیں تھا۔ بلکہ حکومت کے وزراء کرام اور پارلیمنٹ کے معزز نمائندگان بھی استقبال کے لئے حکومت کی طرف سے موجود تھے۔

پھر جب جلسہ سالانہ غانا اپنی پوری شان سے شروع ہوا اور صدر مملکت غانا اپنے پورے پروٹوکول کے ساتھ خود جلسہ میں شامل ہوئے اور حضرت امام جماعت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ہمراہ سٹیج پر تشریف فرما رہے۔ احمدیہ ٹیلی ویژن چینل MTA نے یہ تمام نظارہ Live دنیا کے 175 ممالک کے لئے نشر کیا اور دنیا بھر میں کروڑوں افراد نے یہ منظر اپنی آنکھوں سے دیکھا۔

دیکھو خدا نے ایک جہاں کو جھکا دیا
گم نام پا کے شہرہ عالم بنا دیا

مغربی افریقہ میں جماعت احمدیہ نے جو سکول کالج اور ہسپتال بنی نوع انسان کی خدمت کے لئے قائم کئے تھے وہ انتہائی عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ اور نہایت تندہی اور محنت سے خدمت بجا لا رہے ہیں اور عالی شان اور پرشکوہ عمارات میں تبدیل ہو رہے ہیں۔ غانا، نائیجیریا اور کچھ افریقن ممالک کے عالی شان اور روح پرور دورے کے بعد کیا یہ کامیابی کی داستان ختم ہوگئی۔ ہرگز نہیں، ہرگز نہیں۔ یہ تو ایک کنارے کے نظارے ہیں۔ 113 سال قبل اٹھنے والی آواز نے بھلا یہ کب کہا تھا کہ میری دعوت دنیا کے کنارے تک پھیلے گی۔ اور پھر اعتراض کرنے والے کہہ سکتے ہیں کہ یہ تو دنیا کے ایک کنارے کی کہانی ہے۔ آپ کا دعویٰ اور اعلان تو یہ تھا کہ میں تیری دعوت کو دنیا کے کناروں تک پہنچاؤں گا۔

اب ہم MTA کے کیمرے کی آنکھ سے دنیا کے دوسرے کنارے کی طرف چلتے ہیں اور وہاں دیکھتے ہیں کہ کیا ہو رہا ہے۔ یہ کینیڈا کی سرزمین ہے۔ قادیان کی چھوٹی سی بستی سے ہزاروں میل دور، جیسے کہتے ہیں نا سات سمندر پار۔

ٹورانٹو کا خوبصورت شہر۔ اس شہر کے پاس ہی ایک خوبصورت سی بستی ہے اس کا نام ہے دارالامن (Peace Village)۔ جی ہاں یہاں جماعت احمدیہ سے وابستہ افراد رہتے ہیں۔ جو دنیا بھر میں پرامن لوگوں کی حیثیت سے جانے اور پہچانے جاتے ہیں۔ کیوں نہ ہو۔ ان کا موٹو بھی تو یہی ہے۔
Love For All Hatred For None
اس کی ایک خوبصورت شاہراہ کا نام بانی جماعت احمدیہ کے نام گرامی سے منسوب ہے یعنی شاہراہ احمد۔

پھر اس کی دوسری سڑکیں خلفائے احمدیت کے نام سے اور مشہور زمانہ افراد جماعت احمدیہ کے نام سے منسوب ہیں۔ دیکھنے والے اسے دوسرا ربوہ کہتے ہیں۔

لیکن آج کینیڈا کی سرزمین ایک عجیب نظارہ دیکھ رہی ہے۔ ایئرپورٹ پر کینیڈا کے معزز وزراء کرام اور ممبر پارلیمنٹ انتظار میں کھڑے ہیں۔ جی ہاں جماعت احمدیہ کے امام حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کینیڈا کی جماعت کے جلسہ

سالانہ میں شمولیت کی غرض سے تشریف لا رہے ہیں۔

ایئر پورٹ کے استقبال کے بعد حضرت امام جماعت احمدیہ سڑک کے دونوں طرف اکٹھے ہوئے ہزاروں مرد وزن کے ہجوم میں جو اپنے امام کی ایک جھلک دیکھنے کے لئے بیتاب کھڑے ہیں۔ گزر رہے ہیں اور ہاتھ ہلا ہلا کر نعروں کا جواب دے رہے ہیں۔

پولیس کے ایک دستے نے حضرت امام جماعت احمدیہ کو گارڈ آف آنر پیش کیا۔ وزراء، معزز ارکان پارلیمنٹ، شہر کے میئر اور عمائدین شہر حضور کے ہمراہ یہ سب نظارے دیکھ رہے ہیں۔ ان کے لئے یقیناً یہ تمام مناظر حیرت انگیز ہیں۔ لیکن انہیں اچھی طرح معلوم ہے کہ یہ دنیا بھر کے 175 ممالک میں بسنے والے کروڑوں احمدیوں کے روحانی امام ہیں۔

پھر کینیڈا کے جلسہ سالانہ میں 21 ہزار کے لگ بھگ خواتین و حضرات کا ہجوم انتہائی نظم وضبط کے ساتھ جو جماعت احمدیہ کا طرہ امتیاز ہے کہیں افراتفری نہیں۔ کہیں شور شرابہ نہیں۔ کہیں بدنظمی نہیں۔ حکومت، پولیس اور انتظامیہ کے چند افراد خاموشی سے ایک طرف کھڑے یہ سب دیکھ رہے ہیں۔ انہیں معلوم ہے ان کی مدد کی ضرورت ہی نہیں۔ انہیں اچھی طرح تجربہ ہو چکا ہے کہ یہ پرامن اور صلح پسند لوگ ہیں۔ اور قانون کا احترام کرنے والے ہیں۔

دوران جلسہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کے نصیحت سے بھرپور خطابات جو ہر دل پر ایک گہرا اثر کرتے ہیں۔ حضور کی دلی تڑپ ہے کہ ہر احمدی خدا تعالیٰ سے سچی محبت اور اطاعت میں آگے ہی آگے بڑھتا چلا جائے۔ اور بنی نوع انسان سے سچی ہمدردی کرے۔ درحقیقت یہی احمدیت کا پیغام ہے جو گزشتہ 100 سال سے زائد عرصے سے مسلسل جاری وساری ہے۔ کینیڈا کے معزز وزراء کرام اور ممبران اسمبلی نے جلسہ سالانہ کے سٹیج سے جماعت احمدیہ کی خدمات اور ان کے اس کردار کی بھرپور تعریف کی اور امام جماعت احمدیہ کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔

اب آپ نے دنیا کے اس کنارے تک جو آواز بڑی شان وشوکت سے پہنچی اس کا نظارہ بھی کر لیا۔ اور MTA نے تو ان لمحات کی بھرپور عکاسی کی اور کروڑوں افراد نے دنیا کے 175 ممالک سے زائد تین دن تک لگاتار یہ نظارہ براہ راست اپنے TV پر دیکھا۔

ابھی یہ خدا کی نصرت وتائید اور عنایت کی کہانی ختم تو نہیں ہوئی۔ آیئے اب ہم آپ کو ایک اور کنارے کی طرف لے چلتے ہیں۔ جی ہاں جلسہ سالانہ انگلستان 2004ء۔

میں جب ہیتھرو ایئر پورٹ (لندن) پہنچا تو U.K. جماعت کے ڈیوٹی والے کارکن استقبال کے لئے موجود تھے۔ بہت ہی منظم طریقے سے احباب جو جلسہ U.K. کے لئے آرہے تھے ان کو ان کی رہائش گاہوں تک پہنچا رہے تھے لیکن وہاں تو دنیا کے مختلف ممالک سے فلائیٹس آرہی تھیں۔ اور گلشن احمد کے پھول 113 سال پہلے اٹھنے والی آواز کی تائید میں ان فلائیٹس کے ذریعے جوق در جوق اکٹھے ہو رہے تھے۔

یہ بھی ایک عجیب نظارہ تھا۔ کہاں قادیان کی ایک گمنام بستی اور کہاں U.K. میں جماعت کی شاندار عبادت گاہیں۔ ٹلفورڈ اسلام آباد کا وسیع وعریض رقبہ۔ ترقی، کامیابی وکامرانی کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ۔

آج جلسہ گاہ کی سٹیج پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کی آمد اور پرشگاف نعرہ تکبیر، سٹیج پر بیٹھے ہوئے انگلستان کے ممبر پارلیمنٹ، میئر اور اعلیٰ حکام دنیا کے مختلف ممالک کے صدر اور وزراء اعظم کے مبارک باد کے پیغامات، جماعت احمدیہ کے اعلیٰ اخلاق اور حسین تعلیم کا برملا اظہار اور پھر امام جماعت احمدیہ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس کے مسحور کن نصائح سے لبریز ولولہ انگیز خطابات۔

ہزاروں ہزار آئے ہوئے دیس بدیس کے لوگوں کی حضور انور سے ملاقاتیں۔ بچے، بڑے، بوڑھے، جوان اپنے پیارے امام سے ملاقاتیں کر کے مسرور و شادمان اور ہاں ایک اور بھی تو منظر ہے۔

ٹلفورڈ سرے کے وسیع وعریض جماعت احمدیہ کی جلسہ گاہ اسلام آباد کے وسط میں ایک حسین شہزادہ ابدی نیند سویا ہوا ہے۔ وہ شخص جو بے سروسامانی کی حالت میں وطن سے نکلا۔ دنیا کی نظر میں بظاہر اکیلا۔ لیکن وہ اکیلا تو نہیں تھا۔ اس کے ساتھ تائید رب الوریٰ تھی۔ پھر دیکھتے ہی دیکھتے وہ ایک فتح نصیب جرنیل کی طرح بڑھتا ہی چلا گیا اور کامیابی وکامرانی کے جھنڈے گاڑتا ہوا۔ گلشن احمد کا ایک ایسا باغبان جس کا نام دنیاء تاریخ میں ہمیشہ زندہ وتابندہ رہے گا۔ جی ہاں حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع۔ حضور کے مزار پر پہنچ کر ہاتھ دعا کے لئے اٹھائے لیکن خیالات کا سمندر مجھے بہا کر کہیں سے کہیں لے گیا۔ حضور انور کا پرشوکت دور خلافت، حضور کی نہ مٹنے والی محبت کی یادیں۔ حضور کی عنایتیں، بیتے ہوئے وہ سب لمحے ایک ایک کر کے آنکھوں کے سامنے آنے لگے۔ اور پھر ضبط کے تمام بندھن ٹوٹ گئے۔ اشک بار آنکھیں ساون کی گھٹاؤں کی طرح برسنے لگیں۔ ہر اشک ایک مجسم دعا بن گیا۔ دعا کے بعد جب میں واپس مڑا تو مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے فضاؤں میں ایک آواز گونج رہی ہو۔

اے نفس مطمئنہ اپنے رب کی طرف لوٹ جا کہ تو اس سے راضی اور وہ تم سے راضی۔ لیکن کیا اس مالک کائنات نے ہمیں اکیلا چھوڑ دیا۔ کیا ہم اس غم کے بعد بکھر گئے۔ ہرگز نہیں۔

ع
طاہر جو لے لیا تو نے مسرور دے دیا ہے

آج کروڑوں نفوس پھر اپنے پیارے مسرور کی شفقتوں اور محبتوں کی گھنی چھاؤں تلے اطاعت اور وفاداری کے گن گاتے ہوئے برکتیں سمیٹ رہے ہیں۔ ایسی برکتیں جن کا قیامت تک کا وعدہ ہے۔ یہ قافلہ دعائیں کرتے ہوئے بنی نوع انسان کی محبت کا دم بھرتے ہوئے اپنے پیارے امام کی مدھر آواز سے اپنی آواز ملاتے ہوئے کامیابی وکامرانی کی منزل کی طرف رواں دواں ہے اور 113 سال پہلے کی اکیلی آواز آج ایک پرشوکت نغمہ میں ڈھل گئی ہے۔

جتنے درخت زندہ تھے وہ سب ہوئے ہرے
پھل اس قدر پڑا کہ وہ میووں سے لد گئے

آیئے اب انگلستان سے جرمنی چلتے ہیں۔ فرینکفرٹ کے قریب من ہائم کے شہر میں 28 ہزار کے لگ بھگ انسانوں کا ایک جم غفیر ہے۔ یہ جرمنی کی جماعت احمدیہ کا سالانہ جلسہ ہے۔ جی ہاں وہی جلسہ جس کی بنیاد 113 سال قبل ایک چھوٹے سے قصبے میں 75 آدمیوں کے درمیان ایک شخص نے آئندہ آنے والے زمانے کے لئے حیرت انگیز دعوے اپنی صداقت کے ثبوت میں پیش کئے تھے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنفس نفیس اس جلسہ میں رونق افروز تھے۔ جی ہاں یہ نظارہ بھی احمدیہ ٹیلی ویژن کے ذریعے دنیا بھر کے کروڑوں افراد نے دیکھا۔ امام جماعت احمدیہ کے نصائح سے پر دلوں پر گہرا اثر کرنے والے بھرپور خطاب اس جلسہ کی عظمت اور شان کو چار چاند لگا رہے تھے۔ اور یہ آواز دنیا کے کناروں تک پہنچ رہی تھی۔

اے حق کی متلاشی نیک فطرت روحو! کیا اب بھی وقت نہیں آیا کہ اس سوال کا جواب تلاش کیا جائے۔ کیا اب بھی وقت نہیں کہ جستجو کی جائے۔ کیا اب بھی وقت نہیں آیا کہ کھوج لگایا جائے اس آواز کا۔ ہاں 113 سال پہلے تن تنہا ایک اکیلی آواز کا جس نے کہا تھا کہ خدا نے مجھے کہا ہے کہ میں تیری دعوت کو دنیا کے کناروں تک پہنچاؤں گا۔

آج یہ سب کچھ کیسے ہو گیا۔ دنیا بھر کے 175 ممالک میں پھیلے ہوئے یہ کروڑوں انسان یہ ایک لڑی میں پروئے ہوئے عجیب وغریب لوگ۔ یہ سب کچھ کون کر رہا ہے۔ کون انہیں بڑھا رہا ہے۔ کون انہیں پھیلا رہا ہے۔

اے میرے پیارو! اس کا جواب کوئی اتنا مشکل تو نہیں۔ نیک نیتی کے ساتھ، خلوص کے ساتھ، تعصب سے ہٹ کر، قادر مطلق کے حضور عاجزانہ دعاؤں کے ساتھ اس سوال کا حل تلاش کریں گے تو ضرور پائیں گے۔ آخر اس کا سچا وعدہ ہے کہ میں پکارنے والے کی پکار سنتا ہوں۔ خدارا پکار کر دیکھیں تو سہی!

ع
اے آزمانے والے یہ نسخہ بھی آزما

تعارف کتب

Joint Family System

مشترکہ خاندانی نظام اور اس کا تجزیاتی مطالعہ

نام کتاب: Joint Family System
مشترکہ خاندانی نظام اور اس کا تجزیاتی مطالعہ
مؤلف: حنیف محمود
پبلشر: لجنہ اماء اللہ اسلام آباد
طبع اول: اگست 2004ء
صفحات: 120

دنیا امن کی تلاش میں ہے لیکن وہ امن کے قریب ہونے کی بجائے دن بدن اس سے دور ہٹتی چلی جارہی ہے۔ امن کے قیام کے لئے سب سے اہم ضرورت گھروں کی تعمیر نو ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا:۔

”آج دنیا میں امن کی ضمانت ناممکن ہے جب تک گھروں کے سکون اور گھروں کے اطمینان اور گھروں کے اندرونی امن کی ضمانت نہ دی جائے۔“

زیر تبصرہ کتاب میں گھریلو زندگی کو خوشگوار اور جنت نظیر بنانے کے متعلق دینی تعلیمات نہایت سادہ، عام فہم اور مؤثر انداز میں بیان کی گئی ہیں۔ اس کتاب کے چار ابواب ہیں۔ پہلا باب ”خاندان نام ہے مل جل کر رہنے کا“۔ دوسرا باب ”رشتہ داریاں اور آپس کے باہمی تعلقات“۔ تیسرا باب ”اخلاقیات“ پر مشتمل ہے۔ جبکہ چوتھے باب میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 2 جولائی 2004ء بمقام مسی ساگا کینیڈا اور جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقع پر مستورات سے خطاب میں سے چند اقتباسات دیئے گئے ہیں جن میں حضور انور نے عورتوں و مردوں کے حقوق وفرائض اور ذمہ داریوں پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔

مذکورہ چاروں ابواب کے چند ذیلی عناوین یہ ہیں:۔

حقوق وفرائض میں برابری، میاں کو بیوی کے اور بیوی کو میاں کے والدین کا احترام، ساس سسر کا احترام، رحمی رشتوں سے تعلق، والدین کی وفات کے بعد ان کے عزیزوں سے حسن سلوک، لڑکیوں کی تعظیم، بزرگوں کا احترام، عیادت، ایثار وقربانی، ذاتی نمونہ، عفو ودرگزر، جنریشن گیپ وغیرہ۔

مکرمہ سیدہ ذاکرہ ناصر صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ اسلام آباد اس کے پیش لفظ میں لکھتی ہیں:۔

”ایک خاندان کے ہر فرد کی یہ تمنا ہوتی ہے کہ میرا کوئی غمگسار ہو جو میری مشکل میں میرا ساتھ دے۔ میرا کوئی ہمدرد ہو جو تلخی ترشی میں میرا دل بہلا سکے۔ بیمار ہوں تو عیادت کر کے تسلی دے۔ یہ تمام ہمیں مشترکہ خاندانی نظام میں بآسانی مل سکتی ہیں۔ ان ہی امور کو تفصیل کے ساتھ ہمارے مربی ضلع مکرم حنیف محمود صاحب نے اس کتابچہ میں منضبط کیا ہے اور خاندان میں بسنے والے تمام رشتہ داروں کے آداب اور حقوق و فرائض بالخصوص ساس بہو کے تعلق کو دینی نقطہ نگاہ سے

باقی صفحہ 8 پر

محمد رمضان صاحب

میری اہلیہ مکرمہ فضیلت بیگم صاحبہ

میری اہلیہ فضیلت بیگم صاحبہ عارف والہ ضلع ساہیوال کے ایک مخلص احمدی میاں فضل الٰہی مرحوم کی بیٹی تھیں۔ ان کی والدہ صاحبہ برکت بی بی تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں بڑی خوبیوں سے نوازا تھا۔ ان کی سب سے بڑی خوبی بنی نوع انسان سے سچی ہمدردی تھی۔ وہ کسی مہمان کی آمد پر خوشی سے پھولے نہیں سماتی تھیں۔ اور مہمان نواز اس قدر تھیں کہ مہمان کو کچھ کھلائے پلائے بغیر نہیں جانے دیتی تھیں۔ وہ اپنوں اور بیگانوں سب کے کام آنے والی تھیں۔ وہ بیماروں کی عیادت اور خدمت اپنا فرض سمجھ کر بجا لاتی تھیں۔ اگر کوئی بیمار ہسپتال داخل ہوتا تو وہ اس کے لئے گھر پر کھانا تیار کرکے ہسپتال لے جاتی تھیں۔ کسی غمی اور خوشی میں شرکت کرنا گویا ان کی فطرت میں داخل تھا۔ اور وہ اس کار خیر میں عموماً دوسروں پر سبقت لے جاتی تھیں۔ وہ بڑی نرم دل تھیں۔ کسی کو تکلیف میں دیکھ کر بڑی پریشان ہوجاتیں اور جب تک وہ تکلیف دور نہ ہوجاتی انہیں چین نہ آتا۔ وہ ضرورت مندوں کی امداد بڑی فراخ دلی سے کرتی تھیں۔ اور اس بارہ میں ان کے وقار کا بھی بڑا خیال رکھتی تھیں۔ وہ اپنی ظاہری اور باطنی صفائی کو بہت اہمیت دیتی تھیں۔ بڑی صاف گو اور انصاف پسند اور خاموش طبیعت تھیں۔ مرحومہ اپنی عادات واطوار میں نہایت سادہ اور ہر قسم کے تکلفات سے پاک تھیں۔ بڑی زیرک اور صائب الرائے تھیں۔ بیاہ شادی اور دوسرے اہم امور میں ان سے مشورہ لیا جاتا۔ وہ بچوں کی تعلیم وتربیت کا خاص خیال رکھتی تھیں۔ بڑی محنتی تھیں اور اپنے کام خود اپنے ہاتھوں سے کرنا جانتی تھیں۔ ہر وقت کسی نہ کسی کام میں معروف رہتیں۔ خدا تعالیٰ ہی کو اپنا حاجت روا سمجھتی تھیں۔ اور مشکل کے وقت دوسروں کے آگے ہاتھ نہیں پھیلاتی تھیں۔ بلکہ اس کی بجائے ہر امر کے لئے خدا تعالیٰ کے آگے ہاتھ پھیلاتی تھیں۔ بڑوں کا ادب اور چھوٹوں سے پیار کرنا ان کی ساری زندگی کا معمول رہا اور وہ اس وجہ سے بڑی مقبول تھیں۔

انسانوں کی بھلائی اور خیر خواہی کے ساتھ ساتھ میری اہلیہ صاحبہ اپنے رب کریم کی نہایت وفا شعار بندی تھیں۔ وہ اس کی پیاری کتاب کو غایت درجہ عزت دینے والی تھیں اور حضرت مسیح موعود اور آپ کے خلفاء کی اطاعت گزار اور فرمانبردار تھیں۔ انہوں نے کئی سالوں تک محترمہ صادقہ میر صاحبہ مرحومہ صدر لجنہ اماء اللہ گوجرانوالہ کی معیت میں سیکرٹری مال شاندار خدمات سرانجام دیں۔ اسی طرح انہیں "صد سالہ جشن تشکر" کے موقع پر صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ حضرت مریم صدیقہ صاحبہ کی طرف سے بطور صدر حلقہ سلطان پورہ لاہور ان کی سات سالہ خدمات پر، آپا سیدہ کے اپنے مبارک دستخطوں سے سند خوشنودی عطا کی گئی۔ الحمدللہ

میری والدہ صاحبہ بہت کم عمری میں 1939ء میں وفات پا گئی تھیں اور بہشتی مقبرہ قادیان میں دفن ہوئیں۔ میری شادی 1952ء میں ہوئی۔ اس وقت میری اہلیہ صاحبہ کے سوا گھر میں کوئی خاتون نہیں تھی۔ میری اہلیہ صاحبہ نے میرے ابا جان میاں مولا بخش صاحب جو حضرت مسیح موعود کے رفقاء میں سے تھے کو اپنا باپ جان کر ان کی وفات تک جو 1977ء میں ہوئی، 25 سال دن رات بڑی جانفشانی سے اتنی خدمت کی جو اپنی مثال آپ ہے۔ میرے ابا جان کے پاس اس خدمت کے صلہ میں اور کچھ نہیں تھا کہ ان کی شبانہ روز دعائیں انہیں اور ان کی اولاد کو ملتی رہیں۔ اللہ تعالیٰ شرف قبولیت عطا فرمائے۔ آمین

میری اہلیہ صاحبہ اللہ تعالیٰ پر زندہ ایمان اور یقین سے پر ہونے کے باعث بڑی دلیر تھیں۔ ان کی دلیری اور جرأت کے ایمان افروز نمونے 1974ء میں دیکھنے میں آئے جب گوجرانوالہ میں جماعت کے خلاف ہنگامے میں حملہ آوروں نے ان سے اپنا عقیدہ تبدیل کرنے کا مطالبہ کیا انہوں نے جواب دیا کہ میرا اور آپ کا عقیدہ ایک ہی ہے اور کلمہ طیبہ پڑھ کر سنایا۔ انہوں نے کہا کہ تم ہم جیسی ہوجاؤ۔ انہوں نے کہا آپ جیسی؟ ذرا اپنی طرف دیکھو کہ ایک بے بس خاتون پر بلاوجہ حملہ آور ہو۔ میں آپ جیسی نہیں ہوسکتی۔ اس پر انہوں نے دو چھریاں دکھا کر انہیں موت کا خوف دلایا۔ انہوں نے کہا موت برحق ہے اگر آگئی ہے تو اسے کوئی ٹال نہیں سکتا۔ اور یہ بھی کہا کہ اگر میں ڈر کے مارے اپنے ایمان کو ضائع کردوں اور آپ کے جانے کے بعد میری طبعی موت آجائے۔ تو پھر تو میں بہت بڑے خسارے میں پڑ گئی۔ اپنا ایمان بھی ضائع کیا۔ اور موت جس سے میں نے بچاؤ کیا تھا وہ بھی آگئی۔ وہ کہنے لگے یہ بڑی ڈھیٹ نکلی ہے۔ کسی طرح بھی نہیں مانتی۔ ہمیں تمہارا بڑا خیال ہے تم یہ کرو کہ ایک مرتبہ ہمارے کان میں ہی سہی...... کہہ دو۔ ہم چلے جائیں گے۔ انہوں نے جواب دیا یہ میرے لئے ممکن نہیں پھر انہوں نے لالچ بھی دیا لیکن بے سود۔ وہ پوری طرح اپنے دین پر قائم رہیں۔ آخر انہوں نے کہا کہ تم نے ہماری کوئی بات نہیں مانی، ہم تمہارے گھر کو تباہ کرکے چھوڑیں گے۔ اس پر انہوں نے کہا کہ تم نہیں مانتے تو میں اپنے اس گھر کو اپنے رسول پاکؐ پر قربان کرتی ہوں۔ پھر کیا تھا دیکھتے ہی دیکھتے ان کی آنکھوں کے سامنے ان کے گھر کو تباہ وبرباد کردیا گیا اور سارا مال ومتاع لوٹ لیا گیا۔ اور انہیں بالکل تہی دست کردیا گیا۔ باایں ہمہ انہوں نے اپنے پائے ثبات میں ذرا لغزش نہ آنے دی۔ اور آزمائش کی اس مشکل اور کٹھن گھڑی میں محض اللہ تعالیٰ کی مدد سے پوری اتریں۔ الحمدللہ۔ اتنے میں پولیس آگئی اور میری اہلیہ صاحبہ کو اپنی حفاظت میں پولیس سٹیشن لے گئی۔ الحمدللہ

